سوال

(62) مغرب اور عشاء کا وقت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک صاحب پوچھتے ہیں مغرب اور عشاء کی نمازوں کے اوقات کیا ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

(الف) مغرب کی نماز کا وقت سورج غروب ہوتے ہیں شروع ہوجاتا ہے اور اول وقت میں نماز پڑھنا ہی افضل ہے اور مغرب کا وقت شفق کی سفیدی غائب ہونے تک رہتا ہے یعنی تقریباً ایک گھنٹہ ہوتا ہے جب کہ عشاء کی اذان کا وقت شفق کی سفیدی غائب ہوتے ہی شروع ہوجاتا ہے تو اس طرح گویا کہ مغرب کا وقت عشاء تک باقی رہتا ہے یعنی عشاء کا وقت شروع ہونے سے پہلے پہلے مغرب پڑھ سکتے ہیں مگر بطور احتیاط ۱۵ منٹ سے پہلے ختم کرلینی چاہیے۔

(ب) عشاء کی نماز کا وقت جو حدیث میں بیان کیا گیا ہے (واذا غاب الشفق) (مسلم مترجم ج ا کتاب المساجد باب اوقات الصلاة الخمس ص ۱۶۴)

جب شفق غائب ہوجائے تو عشاء کا وقت شروع ہوجاتا ہے۔ شفق سے عام طور پر مراد وہ روشنی لی جاتی ہے جو سورج غروب ہونے کے بعد بھی باقی رہتی ہے۔ یہ سرخی مائل روشنی کتنی دیر رہتی ہے اس کے عشاء کے وقت کا صحیح طور پر تعین کیا جاسکتا ہے۔ چاہے مغرب سے ایک گھنٹہ بعد ہو یا اس سے زائد۔ ویسے احتیاطاً مغرب و عشاء کے درمیان ڈیڑھ یا دو گھنٹے کا وقفہ رکھا چاہیئے تاکہ شفق اچھی طرح غائب ہوجائے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ صراط مستقیم

ص172